لننزعن من کل شیعۃ ایہم اشد علی الرحمن عتیا

الحمد للہ کہ رسالۂ قاصمۂ [illegible] مقالۂ حاسمۂ مواد اقشاب موسومہ

[illegible]

۱۲۷۹

بفرمایش بعضی احباب و بخواہش برخی اولی الالباب

در شہر لکھنؤ بمطبع علوی علی بخش خان بحلیۂ [illegible] پوشید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللهم انی اصول وبك احول فانصرنا علی القوم الکافرین وأصل علی افضل رسلك محمد خیر البریة
وآلہ الطیبین وصحبہ البررة غزاة الکفرة والمشرکین پستر از باب تفضل و مہر بستر نہیں کہ مطابق دفعہ
۲۹۸ مندرجہ باب پانزدہم تعزیرات ہند حکام عالیمقام کو اہتمام تمام ہی کہ کوئی دین اور مذہب کے علت کسی
اہل نحلت یا اصحاب ملت سے نہ الجھی کیونکہ محال ہی کہ بجز تائید غیبی یہ مقدمہ سلجھی با وصف اوسکے یہ ہر نیکی تعالی خلاف حال
اظہر من الشمس او ابین من الامس ہی الحکم ؎ بنیم بیضہ کہ سلطان ستم روا دارد زنند لشکریانش ہزار مرغ بسیخ
انکا دیکھا دیکھی ملا زمان قبلہ متشیعین کعبہ متمتعین یعنی یہ علمای کینہ و فتنہ [illegible] اہلبیت نظام یا حب الشر امام ثالث عشر
جامع بین الظہر والعصر جناب مجتہد الزمان والعصر اذاقہ اللہ حلاوة الانصاف واناقہ عن مرارة الاعتساف نے کچھ اوراق پریشان
مبحث وطی ادبار نسوان مین بفرمایش بعض عمائد زمان مسامی الدخود شان چھپوائی کینہ سینہ کو کہ نسبت باہل سنت دیرینہ ہی بضمن
تعریضات شنیعہ اور تشنیعات فظیعہ ظہور مین لائی فالحمد للہ ؎ ذکر میرا مجھسے بہتر ہی کہ اوس محفل مین ہی [illegible] رتبہ کہنے کا
میری دیکھو کہ اونکی دل مین ہائے پو اوسکی جسارت پھر بھی بجا ہی کہ حاکم انکا آشنا ہی ؎ صد کہنہ گردم باین
جرأت کہ حاکم آشناست؛ پر حیرت ہی کہ ذات شریف کس طمانیت پر یہ دلیریان فرما رہی ہین دال مین کچھ کالا
نظر آتا ہی ؎ ل ہمانروز ترا دشمن جانی دانست؛ کہ ترا دوست فلانی و فلان دانست؛ بہر حال
بعد شیوع [illegible] مجموعہ بعض خواص [illegible] اکثر عوام کالانعام کو تردد پیش آیا کہ امر لایعنی بالعکس کیا بمعنی
بتکلیف [illegible] رخصت دفع اوہام اور رفع اتہام ناگزیر اور ناکام ہوا ؎ ساقیا گو لگ
رہا ہی چل چلاؤ [illegible] ملک بس چل سکی ساغر چلی؛ ہر چند عدم حلفی سرکار متصور اور متخیل ہی لیکن بادی کا نہ بادی ہے

هنگام گیر ودار بہلی وہ خطا وار ہی پہر آخر کار ع گو مشت خاک ما ہم برباد رفتہ باشد؛ اب کارپردازان کارگاہ جہان
اور تاریابان بارگاہ ذات العماد کی حضور مین گذارش ہی کہ اگرچہ داب و آداب ملازمان عالیجناب سے معلوم ہی کہ یہ چالاک و چابک
کسی [illegible] کی سہام کا نشانہ ہی ؎ بہر رنگیکہ خواہی جامہ می پوش ؛ من انداز قدت را می شناسم ؛ پر مضمون عبرت مشحون ع
کہ زر قلب ہر کس کہ دہی باز دہد ؛ یاد رہی تلافی آیندہ باعث تکدر نہو ؎ عوض یوسفکی ہمنی گالیان دین یا کہ حساب نی ؛ ذرا
انصاف تو کیجیے کالا کسنی شروع کیا پہلے ؛ پہر حضرات ملتشیعین کے خدمات مین التماس ہے کہ اس عجالہ کو بغور مطالعہ مین لائین اور الا انصاف
خیر الاوصاف کو کار فرمائین ع الا اگر جان انصاف پر ظلم کی بار آئیگی کہو نٹیکی بلا بندر کی سر جائیگی زمانہ اور ہی اور قانون بطور ؎
حاکم کیا خدائی ہی اب ہمیتہ تیر اور پنجہ لکہنؤ ہی آج وہی کانپور ہے؛ تمکو اگر نکالیگا در گنگ جاؤ گی مین نکلونگا تو خانہ کعبہ حضور ہے؛ ہجرت کرونگا
وہان بہی مہاجر کہاؤنگا؛ لعنت بلکہنؤ کہ وہ دار الشرور ہے؛ ہہنا قد تم العرض فالآن اشرع فی المقصود والغرض مسمیا
للرسالۃ بالعقاب لآل الکذاب متوکلا علی رب کریم ولا حول ولا قوۃ الا بفضلہ العظیم اعوذ باللہ من
الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم قال المجتہد المعزول مخفی نماند کہ مسئلہ مذکورہ در طریق ہر دو فریق خلافی ست
بعضے از علمای ما مانند قمیین و ابن حمزہ و شیخ ابو الفتوح رازی و راوندی در کتاب لباب سید ابو المکارم صاحب بلابل القلاقل و فاضل آبی
تلمیذ محقق و غیر ایشان حرام میدانند و برخی از فقہای ما آنرا مکروہ بکراہت شدیدہ مغلظہ دانستہ اند ؛ و بحول اللہ اقول
مسئلہ مذکورہ عبارت ہی وطی فی الادبار سے اور مراد فریقین سے دو فرقہ ہین ایک شیعہ نیک ذات دوسرا اہلسنت صاحب نجات کہ
باتفاق محققین چار مین منحصر ہی اسیوطی و دران حق انہین چار و نمین مسلم اور منحصر ہی و لو بالتشکیک الموجب فی الحقیقۃ الاولیۃ
والاولویۃ بالنسبۃ الی الآخر کما تقرر فی صنعۃ بناء علی ما استمر پس ظاہر ہی کہ مسئلہ مذکورہ کی حرمت مین کسی اہلسنت کا اختلاف نہین بلکہ
تحاشی اس فرقہ حقہ کے بدلائل قطعیہ قاطعہ ثابت ہے کما سیاتی فیما یاتی ہان شیعہ کی نزدیک مسئلہ مختلف فیہا ہی دو اختلاف ہی جو
چکیدہ خامہ ملازمان علامہ ہوا لیکن لفظ البعض اور برخی کی فحوی سے اصح ہوتا ہی کہ یہ مذہب مستند [illegible] اور ما اتفق علیہ شیعہ سے دور ہے
فقط بنا سنی اہلسنت ان بعض کو منظور پڑا مذہب اکثر اور جمہور کا مقام مین اور کہ بملاحظہ مضحکہ و محافظہ تقریب [illegible] انداز ہوا وہ باجود
کراہت ہے بلا قید جیسا منہج الصادقین مین موجود ہے کہ اکثر علمای امامیہ بر آنند کہ این آیہ دلالت است بر جواز وطی در دبر ایشان کراہت
و مخالفین را منع کردہ اند انتہی یا حلال مطلق جیسا مجمع البیان مین مشہور ہے کہ ان النساء وانکن لنا حرثا فقد ابیح لنا
وطیہن بلا خلاف فی غیر موضع الحرث کالوطی فیما دون الفرج وما اشبہہ انتہی یعنی عورات اگرچہ حرث ہین
پر غیر موضع حرث یعنی دبر وغیرہ مین اونکی ساتہہ مباشرت درست ہے بلا خلاف و فی الارشاد الوطی فی الدبر کالوطی فی القبل
فی جمیع الاحکام حتی فی لحوق النسب یعنی جماع دبر اور قبل تمامی احکام حتی کہ نسب مین یکسان [illegible] رنگ ہی اور
تذکرہ مین اسکی جواز پر امامیہ کا اجماع نقل کیا و کیف لا ان امامیہ کی مویدات مدعا احادیث ائمہ [illegible]
وغیرہ پر پوشیدہ نہین عن عبد اللہ ابن ابی یعفور قال سالت ابا عبد اللہ ع عن الرجل یاتی المراۃ فی دبرہا

قال لا باس اذا رضیت قلت فاین قول الله تعالی فأتوهن من حیث امرکم الله فقال هذا فی طلب الولد فاطلبوا الولد من حیث امرکم الله ان الله تعالی یقول نساؤکم حرث لکم فأتوا حرثکم انی شئتم یعنی ابن ابی یعفور نے حضرت امام جعفر سے پوچھا کہ ایک مرد اپنی عورت کی دبر میں جماع کرتا ہے فرمایا اگر عورت راضی ہے تو کیا مضائقہ راوی کہتا ہے پس ارشاد خدا کہاں ہے کہ آو عورتوں پاس جدہر سے تمکو حکم ملا فرمایا یہ حکم طلب فرزند میں ہے پس طلب کرو فرزند کی جہانسے تمکو حکم ملا حق تعالی فرماتا ہے تمہاری عورتیں تمہاری کہیتی ہیں آو اپنی کہیتی میں جدہر سے چاہو وعن حفص ابن سوقة عمن اخبره قال سالت ابا عبد الله ع عن الرجل آتی اهله من خلفها قال هو احد المأتیین فیه الغسل یعنی ابن سوقہ نے اپنی مخبر وں سے روایت کی کہ اونہوں نے امام صادق سے پوچہا کہ فلانی نے اپنی عورت کی فلان کی فرمایا وہ وطی کی دو راہوں سے ایک راہ ہے اسمیں غسل چاہیے وعن ابن ابی یعفور قال سالت ابا عبد الله عن الرجل یاتی المرأة فی دبرها قال لا باس به یعنی ابن ابی یعفور کہتا ہے میں نے امام صادق سے پوچہا کہ ایک مرد اپنی عورت کی دبر میں وطی کرتا ہے فرمایا کیا اندیشہ ہے وعن ابن عبد الملک عن رجل قال سالت ابا الحسن الرضا ع عن اتیان الرجل من خلفها فقال احلتها آیة من کتاب الله قول لوط ع هؤلاء بناتی هن اطهر لکم وقد علم انهم لا یریدون الفرج ابو الکلب برادر ملا دمان نے اپنی تفسیر توضیح مجید میں اسکا ترجمہ یوں عبارت فرمایا کہ ایک شخص نے امام رضا سے سوال کیا دبر زوجہ سے حضرت نے فرمایا کہ حلال کیا ہے اس وطی کو ایک آیہ نے کتاب خدا سے کہ وہ قول لوط کا هؤلاء بناتی هن اطهر لکم اسواسطے کہ لوط جانتے تہے کہ وہ خواہش زن کی نہیں رکہتے ہیں باوجود اسکی ترغیب کرنا قوم اپنی کو ساتہہ نکاح بنات کی دال اسپر ہے کہ وطی دبر زن حلال ہے انتہی بلفظہ السخیف وعن علی ابن الحکم سمعت صفوان یقول قلت للرضا ع ان رجلا من موالیک امرنی ان اسألک عن مسئلة فهابک واستحیی منک ان یسألک قال ما هی قال قلت للرجل ان یاتی امراته فی دبرها قال نعم ذلک له قال قلت فانت تفعل ذلک قال لا انا لا نفعل ذلک یعنی صفوان کہتا ہے میں نے امام رضا کی خدمت میں عرض کیا کہ آپکا غلام وطی فی الدبر کی مسئلہ پوچہنے میں شرماتا ہے مجہسے پچہوایا ہے فرمایا درست ہے صفوان کہتا ہے میں نے کہا یا حضرت آپ بہی یوں کرتے ہیں فرمایا نہیں وعلی ہذا القیاس اور بہت احادیث اس مضمون کی کتاب مذکور اور تہذیب میں مسطور ہیں کہ صریح اس حلت فعل قوم لوط پر گواہ ہیں [illegible] حدیث حرمتکی جو مشہور ہیں خواہ باخبار پیغمبر جیسی محاش النساء علی امتی حرام خواہ با آثار امام جعفر جیسی لا الفرث امام [illegible] ابو جعفر طوسی کتاب مذکور میں بنا بر فرط صدق انصاف او نمیں ضرب من الکراہة [illegible] بحلال اور تقیہ کا احتمال پیدا کرتا با بدلیل لان احدا من الفقهاء لا یجیز الا ما یحکی عن مالک وجماعت عنه اصحابه پس اعتراف صریح [illegible] باذان ہے دو نو امام عالیمقام اس عمل کی قائل اور اس فعل کی فاعل تہے انکار ظاہری بنا بر تقیہ تہا اب انکار حلت اس سے تدبیر اور تزویر سے ممکن نہیں مجبض سد باب بحث کا اور رابطہ فریبی کی لیے مسطور ہوا ہے مگر جاننا قائل نے نرالا مذہب [illegible] دور تک اسکی باتوں نے ہنسا کر مار ڈالا ہے و بالجملہ اس اطناب غیر مجمل سے کچہ فائدہ ہاتہہ آتے

ایک یہ کہ بواسطہ صغری فضلاً عن الکبریٰ اہلسنت کی نزدیک حرام مطلق ہی اور مالک کی حکایت بصیغہ تمریض ہی بصیغہ
تصحیح وسیاتی الکلام فیہ انشاءاللہ ہی بجمیل التوضیح دوسری یہ کہ امامیہ کی طور پر گاہی حرام کا اطلاق مکروہ پر بھی آتا ہی
تیسری یہ کہ مجموع اقوال شیعہ چہ ملازمین چہ متقدمین سی ہویدا ہوا کہ مسئلہ مذکورہ مین چار قول ہین ایک حرام وہو الاضعف
بل الاسقط دوسرا مکروہ مقید بشدت وغلظ وہو الاقرب بالحرام تیسرا مکروہ فی الجملہ وہو الاشبہ بالحلال چوتھا حلال وہو الاقوی
بل الاحوط اب استفسار ہوتا ہی کہ ملازمان کی لفظ حرام سی کیا مراد ہی مقابل حلال یا کراہت مطلقہ ثانی منافی تقریب ہو اسلیئے کہ شبیہ
بحلال ہی اور اول اگرچہ مناسب تقریب ہے لیکن یہ اول بلکہ ثانی معاً مبطل حصر ہی ہو اسلیئے کہ برتقدیر ثانی اختلاف حد تثلیث کو پہنچتا ہے
اور برتقدیر اول تربیع کیجانب بڑھتی ہوتا ہی اس ہنگام مین دونو تقدیر ثانی حرمت ملازمین اور طہارت طاہرین کی دہجیان اوڑاتی ہین
اگر اس برہان قاطع پر کوئی قاطع برہان بہم پہنچی قطع نظر حفظ حرمت وطہارت اہلسنت پر کمال منت ہو گی ؂ چو گرگان بہم جنگ
دارند و بیم ٭ رود در میان گوسپند سلیم ٭ اور دونو تقدیر اول پر مخالفت جمہور اور مناقضت حدیث مشہور کہ باعتراف استبصار بلا تعیین
وزور ہی ناگزیر اور تقلید شیخ بہائی اور دیگر نیک بد کہ مجتہد میت ہین علاوہ حالانکہ جناب بعد وجمعہ کب اعنی برادر متوفی ملازمان
عالی نسب کتاب روضۃ الاحکام مین باین عبارت افادہ فرما رہی ہین کہ مجتہد را تقلید مجتہد دیگر نمیرسد حیا گان او بیتا بلکہ
موافقت اہلسنت کہ بشہادت کتب شیعہ اس فعل کی حرمت پر مصر ہین چار و ناچار گریبان گیر ہوگی باوجودیکہ اوسی روضہ ناضرہ
مین خبر ماثور منقول ہی کہ خذ بما خالف العامۃ ودع ما وافقہم ومعہذا اخبار رہین کہ اصولیین کی آخ اخیانی ہین اونکی
تلافی کیونکر ہوگی کہ وہ کہتی ہین کہ جو شیعہ کہ وطی دبر کا منکر ہی مدبر ہی اور سنی نزاد یا امام کذاب کی اولاد فاعتبروا یا اولی الالباب
ان ہذا الشئ عجاب ؂ خوب موزون ہمسی اوسکا قد بالا ہو گیا ٭ عالم بالا تک اپنا بول بالا ہو گیا ٭ قال المجتہد المعزولی
وجماعتی از قدمای عظمای صحابہ وتابعین وعلمای اہلسنت وجماعت آنرا حلال ومباح پنداشتہ اند بدون تصریح بکراہت واکثری
از آنہا بحرمتش قایل شدہ اند پس طعن ایشان بر شیعیان در حقیقت طعن برخود ایشان ہست فنحول اللہ اقول ترتیب
عبارت کا حسن یہ مقتضی تہا کہ بعد قول اکثر مذہب جماعت کا مذکور فرماتی تا ترتیب نتیجہ بلفظ پس طعن ایشان الخ اور توضیح مقال
بوجہ اقرب اصوب ترتب پاتی خیر ایسی کلام بی ربط پر کہان تک خیال کیجی خطرہ یہ ہی کہ مجرد اتمام تقریب کی لئی کل کی موضع مین
اکثر کا لفظ وضع ہوتا تا عوام اہلسنت دام مغالطہ مین آئین کہ بعض کے نزدیک یہ فعل محرم مباح بھی ہی کما صرح بہ حالانکہ یہ تقریب
ناتمام ہی دو طور سی ایک یہ کہ مسلم اصول کہ للاکثر حکم الکل مقصود بیان بعض حاصل نہین پس موضوع اس قضیہ کا سراسر لغو
اور موضوع ٹھہرا دوسری یہ کہ نتیجہ حجت بنا بر مذہب اہلسنت اصلا ثابت نہین تعلیلا ازمان فی بزور فہم وا یہ تو وہم کا سد اثبات
پہنچا یا کما سیاتی مع ان الاثبات فرع الثبوت حالانکہ سائر اہلسنت قدیما وحدیثا اس فعل کی نسبت قولا فعلا لما سمعت
من بیان المخالفین والآن فاستمع من بیان الممخلصین قال عز من قائل نساءکم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم
وقدموا لانفسکم واتقوا اللہ واعلموا انکم ملاقوہ وبشر المومنین تمہاری عورتین کہتی ہین تمہاری جیسی کہیت

تخم ڈالی سی غلہ پیدا ہوتا ہی فرج مین نطفہ ڈالی سی لڑکا پیدا ہوتا ہی سو آؤ اپنی کہیتی یعنی فرج مین جسطرح پر چاہو کہڑی خواہ بیٹہی
خواہ لیٹی خواہ رو کیجانب سے خواہ پشت کیطرف سے اور آگی کی تدبیر کرو یعنی اس آنی مین نیت [illegible] اپنی اولاد کی اور ڈرتی رہو اللہ سے
اوسکی امر اور نہی مین اور جان رکھو کہ تمکو اوس سی ملنا ہی جزای اعمال اور سزای افعال کیواسطی [illegible] خوشخبری سنا ایمان والونکو جنت کی
اس آیہ کی قید و نسی صاف ہویدا ہی کہ سوای وطی فی القبل وطی فی الدبر کی اصلا اجازت نہین اور روافض جو اتی کی بہر و یسی وطی فی الدبر
تجویز کرتی ہین حرث کو بہولی ہین اسواسطیکہ دبر موضع فرث ہی موضع حرث نہین شان نزول آیہ کی اپنی مدعا پر دلیل ہی فی الدر المنثور
عن جابر قال کانت الیہود تقول اذا اتی الرجل من خلفہا فی قبلہا ثم حملت جاء الولد احول فنزلت نساءکم
حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم ان شاء مجبیۃ وان شاء غیر مجبیۃ غیر ان ذلک فی صمام واحد یعنی جابر نی کہا کہ یہود کہا
کرتی تہی کہ جسنی مباشرت کی فرج مین پیچہی سی اور عورت کو حمل رہا تو لڑکا احول پیدا ہوگا اسکی رد مین یہ آیہ نازل ہوا کہ تمہاری
عورتین تمہاری کہیتی ہین اپنی کہیتی مین آو جسطرح چاہو خواہ مجبیۃ خواہ غیر مجبیۃ پر صمام واحد مین امام نووی نی مسلم کی
شرح مین فرمایا کہ مجبیۃ بضم میم و فتح جیم و کسر باء موحدہ مشددہ و یای تحتانیہ بمعنی مکبوبۃ علی وجہہا اور صمام بکسر صاد مہملہ بمعنی ثقب
یعنی سوراخ پس صمام واحد بمعنی سوراخ واحد ہی اور مراد اوس سی قبل ہی وعنہ کانت الانصار تاتی نساءہا مضاجعۃ
وکانت قریش یسرح سرحا کثیرا فتزوج رجل من قریش امراۃ من الانصار فاراد ان یاتیہا فقالت لا لا
کما نفعل فخبر بذلک النبی ص فانزل اللہ نساءکم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم قایما وقاعدا ومضطجعا
بعد ان یکون فی صمام واحد یعنی اوسی جابر سی روایت ہی کہ انصار کا معمول تہا کہ جماع کروٹ کرتی تہی اور قریش سرح
تیسیر الوصول مین ہی کہ سرح بحای مہملہ وطی المراۃ مستلقیۃ علی قفاہا یعنی چیت ناگاہ کسی قریشی نی ایک انصاریہ سے نکاح کیا چاہا کہ اپنی
عادت بموجب پیش آوی انصاریہ نی کہا یون نہین ہماری طور پر پیش آ یہ قصہ حضرت پاس پہنچا نساءکم الآیہ نازل ہوا کہ تمہاری عورتین
تمہاری کہیتی ہین آو اپنی کہیتی مین جسطرح چاہو کہڑی خواہ بیٹہی خواہ چیت بشرطیکہ صمام واحد ہووے وعن ابن عباس رض قال اتی اناس
من بنی حمیر الی رسول اللہ فسالوہ عن اشیاء فقال لہ صلعم رجل انی احب النساء واحب ان اتی امراتی مجبیۃ فکیف
تری فی ذلک فانزل اللہ فی سورۃ البقرۃ بیان ما سالوا عنہ وانزل مما سال عنہ الرجل نساءکم حرث لکم فاتوا
حرثکم انی شئتم فقال رسول اللہ ص ائتہا مقبلۃ ومدبرۃ اذا کان ذلک فی الفرج یعنی ابن عباس فرماتی ہین کہ کچھ لوگ
بنی حمیر کی [illegible] کے حضور مین حاضر ہوئی بہت باتین پوچہین انہین مین ایک شخص نی عرض کیا یا رسول اللہ مین عورتونکو پیار کرتا ہون اور مجبیۃ
اپنی بی بی سے جماع [illegible] ہون آپ کیا فرماتی ہین پس حق تعالی نی سورہ بقر مین اون لوگونکی سوالونکا جواب نازل فرمایا اور اوس شخص کی حق مین
نساءکم الآیہ [illegible] حضرت نی بتایا کہ اپنی عورت سے تجکو جماع مقبلۃ اور مدبرۃ درست ہے بشرطیکہ فرج ہی مین ہووی واخرج
عبد ابن حمید عن الحسن قال قالت الیہود للمسلمین انکم تاتون نساءکم کما تاتی البہایم بعضہا بعضا و تبرکون
فانزل اللہ نساءکم الآیہ ولا باس ان یغشی الرجل المراۃ کیف شاء اذا اتاہا فی الفرج یعنی حسن فرماتی ہین کہ

یہودیوں نے مسلمانونکو کہا کہ تم جماع کرتے ہو عورتونسے ہہایم کیطرح بار براک یعنی اونکو زیر سینہ لیتے ہو پس حق تعالی نے نازل فرمایا
نساءکم الآیۃ یعنی مضایقہ نہیں کہ جماع کرو جسطرح چاہو فرج مین یہ ہی شان نزول اس آیہ کی جس سے اتیان النساء فی الادبار کی
حرمت یقیناً ثابت ہوتی ہے بلکہ انہیں شان نزول کی مطابق احادیث ناہیہ بروایت ائمہ اربعہ وغیرہ اونکی مسانید مین موجود ہین
فی الدر المنثور اخرج فی مسندہ ابوحنیفۃ عن حفصۃ ام المومنین ان امراءۃ اتتہا فقالت ان زوجی
یاتینی مجبیۃ ومستقبلۃ فکرہتہ فبلغ ذالک النبی فقال لا باس اذا کان فی صمام واحد یعنی امام ابوحنیفہ نے
اپنی مسند مین ام المومنین حفصہ سے اخراج کیا کہ آپکی خدمت مین ایک عورت عرض کرنی لگی کہ میرا شوہر مجھسے مجبیۃ اور مستقبلۃ جماع
کرتا ہے مجکو ناگوار ہوتا ہے یہ خبر حضرت کو پہنچی فرمایا کیا مضایقہ اگر صمام واحد ہے واخرج الشافعی فی الام من طریق خزیمۃ
ابن ثابت ان سائلا سال رسول اللہ صلعم عن اتیان النساء فی ادبارہن فقال حلال او قال لا باس فلما
ولی دعی فقال کیف قلت امن دبرہا فی قبلہا فنعم ام من دبرہا فی دبرہا فلا ان اللہ لا یستحیی من الحق
لا تاتوا النساء فی ادبارہن یعنی امام شافعی نے کتاب ام مین خزیمہ ابن ثابت کی طور پر اخراج کیا کہ ایک سائل نے آنحضرت
سے پوچھا اتیان النساء فی ادبارہن کا مسئلہ فرمایا حلال ہے یا فرمایا لا باس جب وہ یہ سنکر چلا آپنے اوسکو بلایا اور فرمایا کہ کیونکر کہا تو نے
ایا اتیان جانب دبر سے قبل مین تو ٹھیک ہے یا دبر سے دبر مین تو نہیں اللہ شرم نہیں کرتا بیان حق مین خبردار عورتونسے جماع دبر
مین نکرو واخرج احمد عن طلق ابن یزید عن النبی صلعم قال ان اللہ لا یستحیی من الحق لا تاتوا النساء فی
استاہن امام احمد نے طلق ابن یزید سے اخراج کیا کہ حضرت نے فرمایا اللہ شرم نہیں کرتا بیان حق سے جماع کرو عورتونکی
سرین مین واخرج ابن عدی فی الکامل عن ابن مسعود قال قال رسول اللہ صلعم لا تاتوا النساء فی اعجازہن
ابن عدی نے کامل مین ابن مسعود سے اخراج کیا کہ حضرت نے فرمایا عورتونسے جماع نکرو اونکی چوتڑونمین اور احادیث اور آثار
زاجرہ اس باب مین بہت وارد ہین فی الدر المنثور اخرج ابن وہب وابن عدی عن عقبۃ ابن عامر ان رسول اللہ
قال ملعون من اتی النساء فی محاشہن عقبہ ابن عامر نے کہا کہ حضرت نے فرمایا ہے وہ پر لعنت ہے جو عورتونکی مقعد مین جماع
کرتا ہے اخرج ابن ابی شیبۃ والترمذی وحسنہ والنسائی وابن حبان عن ابن عباس قال قال رسول اللہ لا ینظر
اللہ الی رجل اتی رجلا او امراءۃ فی دبرہا ابن عباس کہتی ہین کہ حضرت نے فرمایا اللہ نظر رحمت سے اوسکو نہیں دیکھتا جو مرد
یا زن کی دبر مین جماع کرتا ہے واخرج ابوداؤد والطیالسی واحمد والبیہقی فی سننہ عن عمرو ابن شعیب عن ابیہ
عن جدہ ان النبی صلعم قال الذی یاتی فی دبرہا ہی اللواطۃ الصغری یعنی عمرو ابن شعیب اپنے باپ سے وہ اپنے دادا سے روایت
کرتا ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو عورت کی دبر مین جماع کرتا ہے یہی لواطہ صغری ہے واخرج ابن عدی عن ابی ہریرۃ عن النبی
قال من اتی شیئا من الرجال والنساء فی الادبار فقد کفر ابوہریرہ روایت کرتے ہین کہ فرمایا حضرت نے جسنے مرد یا
عورتکی دبر مین جماع کیا بیشک کافر ہوا واخرج عبدالرزاق والبیہقی فی الشعب عن عکرمۃ ان عمر ابن الخطاب ضرب

رجالا فی مثل ذلک عکرمہ سی روایت ہی کہ حضرت عمر نی ایک شخص کو اس مقدمہ مین مارا تہا واخرج عبد ابن حمید عن
قتادۃ قال سئل طاؤس عن ایتان النساء فی ادبارہن فقال ذلک کفر ما بدا قوم لوط الا ذلک اتوا النساء
فی ادبارہن واتوا الرجال الرجال یعنی کسینی طاؤس سی ادبار کا مسئلہ پوچہا فرمایا کفر ہی قوم لوط کی ابتدا یہی تہی کہ عورتونکی
دبر مین جماع کرتی رفتہ رفتہ مردوں سی مبتلا ہوئی اور محدثین اور فقہای اہلسنت یکرو اور یکزبان ہین کہ یہ فعل سرتاپا حرام ہی نووی نے
شرح مسلم مین کہا لا یحل الوطی فی الدبر من شئ من الآدمیین ولا غیرہم من الحیوان بحال من الاحوال یعنی
وطی فی الدبر حلال نہین کسی حال مین نہ انسانکی ساتہہ نہ حیوانکی ساتہہ مسوّی شرح موطا مین لکہا کہ اما الاتیان فی الدبر فحرام
فمن فعلہ جاہلا بتحریمہ نہی عنہ فان عاد عزر یعنی وطی فی الدبر حرام ہی جو کوئی نادانستہ مبتلا ہوگا اوسکو باز رکہینگے
نمانیگا تو تعزیر دینگی اور ہدایہ مین ہی کہ من اتی امراۃ فی الموضع المکروہ او عمل عمل قوم لوط فلا حد علیہ عند ابی حنیفۃ
یعزر وقالا ہو کالزنا یحد وفی الجامع الصغیر یودع فی السجن حتی یتوب یعنی جو عورتنکی موضع مکروہ یعنی دبر مین وطی کری
یا قوم لوط کا عمل بجا لاوی امام ابو حنیفہ کی نزدیک اوسپر حد نہین تعزیر پائیگا اور صاحبین کے نزدیک زنا کیطرح محدود ہوگا اور
جامع صغیر مین ہی کہ اوسکو یہانتک قید رکہینگے کہ توبہ کری یہ ہین احادیث اور آثار اور اقوال صحیحہ صریحہ پیغمبر اور صحابہ اور تابعین
اور فقہا اور محدثین کے کہ مادہ حلت وطی فی الادبار کو استیصال کر رہی ہین اور قضیہ اباحت کو انفصال اب اہل انصاف حق بر زبان
لائین کہ ملا زمان جسا الاکس منہ سی فرماتی ہین کہ قدما اور علمای اہلسنت اس فعل حرام کو حلال اور مباح جانتی ہین دروغ گویم بر روی تو
آپکا حال ہی او طعن سنیونکا شیعون پر بحال من بعد جو اپنی عیب پوشیکو اہلسنت کیجانب گرم جوشی کری فرط عناد اور حسد اور
لدادسی خالی نہین ؎ ولد الزناست حاسد منم آنکہ طالع من ولد الزنا کشن آمد چو ستارۂ یمانی ؎ **قال المجتہد المعزول**
توضیح اینمقال و تفصیل این اجمال آنکہ از جملہ قائلین بجواز آن عبد اللہ ابن عمر ست کہ خلیفہ زادۂ سنیان و مجتہد مذہب ایشان بودہ
و نافع مولای او نیز شریک او گشتہ **و بحول اللہ اقول** حقیقت قول ابن عمر اور شرکت نافع کی آگی معلوم ہوگی پر اسقدر بیان سابق سی ہیاکہ
کہ بشہادت استبصار و دیگر کتب تفاسیر و اخبار امام زادۂ شیعہ اور اعلام سادہ قطیعہ بی پردہ تقیہ اور بیحجاب تزویر اس فعل کی
فاعل اور قائل تہی اب اپنی عیب پوشیکو یہ ہرزہ فروشی کرنا سوا اسکی کہ اس خست اور دناءت مین اور ونکو شریک کیجیئی تا بسبب اشتراک
اندیشہ طعن اور تشنیع سی بیخطر اور بیباک ہوجئی اور کیا کہنی ؎ ہر دو عالم قیمت خود گفتۂ نرخ بالا کن کہ ارزانی ہنوز سبحان اللہ
اصطلاحات اہلسنت پر خوب وقوف ہی انکی کس کتاب مین لکہا ہی کہ عبد اللہ ابن عمر مجتہد مذہب اہلسنت ہی اہلسنت مجتہد مذہب
ائمہ اربعہ کو جانتی ہین نہ عبد اللہ کو اسیواسطی کسی اہلسنت کو عبد اللہی نہین کہتی بلکہ حنفی اور مالکی اور شافعی اور حنبلی کہتی ہین
کیونکہ بعد ان ائمہ اربعہ کے اجتہاد فی المذہب کے شرایط کہ عمدہ او نمین علم علوم قرآنیہ بعد حفظ الفاظ اور تحفظ اخبار مختلفہ اور توسل
بروح پر فتوح جناب نبوت صلعم الی یومنا ہذا مفقود کما ہو مسموع و مشہود لہذا اہل تحقیق ملا زمان مدعی اجتہاد کو بہی مجتہد
حقیقی نہین جانتی ہو اسطیکہ حفظ قرآن درکنار صحف فاطمہ بہی تو نہین یاد اور اخبار مختلفہ کی جگہہ ہفوات مشائخین اور

شیطان الطاق فراموش اور توسل روح نبوی کی عوض ابن سبا اور جعفر کذاب کی روح سی توسل غیر حاصل اگر بدون ان امور کے
اجتہاد صحیح ہوتا الحق کہ جناب شہادت مآب خیر الفضلا جناب فخر العلما کہ ملازمان کی نسبت بدرجہا فضل اور کمالات مین بہر آمد
روزگار ہین اور معہذا زوار اور دیندار اس منصب کی احق اور احری تھی افسوس کہ زمانہ ناپرسان سی پی آزار ہی اور جناب ممدوح
فقر وفاقہ مین ایام گذارست ابلہان را ہمہ شربت ز گلاب و قند است ** قوت دانا ہمہ از خون جگر می بینم ** اسپ تازی شدہ مجروح
بزیر پالان ** طوق زرین ہمہ در گردن خر می بینم ** بہرحال ملازمان والا کو اس تقریر پر مجتہد لقبی کہنا چاہئی جیسی اندہی کو بصیر
انپڑہ کو محمد فاضل ہیک منگی کو سیدا سی جہل کا مقتضی ہی کہ جیسی عبد اللہ ابن عمر کو مجتہد مذہب اہلسنت بتانیمین خطای
ولادی واقع ہوئی ویسا ہی انکو اور نافع کو اس فعل کی قول کی نسبت مین خطای اجتہادی پیش آئی حالانکہ عبد اللہ بن عمر کہ
منجملہ عبادلہ ثلثہ ہین نہ تنہا بلکہ عبد اللہ ابن مسعود اور عبد اللہ ابن عباس رئیس المفسرین انھین جناب امیر المومنین متفق اللفظ ہین کہ
یہ فعل حرام ہی جیسا شمہ مذکور ہوا اگر اوس مقدار پر اطمینان نہین ہوتا ان تینون بزرگونکی ارشادات اور بیان واقعی نافع علی الترتیب
گوش گذار ہوتی ہین فی الدر المنثور اخرج سعید ابن منصور وعبد ابن حمید والدارمی والبیہقی عن ابی القعقاع
الجرمی قال جاء رجل الی عبد اللہ ابن مسعود فقال اتی امرأتی کیف شئت قال نعم قال ومن حیث شئت قال نعم قال وانی شئت قال نعم ففطن له
رجل فقال انہ یرید ان یاتیها فی مقعدتها فقال محاش النساء علیکم حرام یعنی ابو قعقاع جرمی نی کہا کہ ایک شخص
عبد اللہ ابن مسعود کی خدمت مین کہنی لگا کہ مین اپنی عورت سی جماع کرتا ہون جسطرح سی چاہتا ہون فرمایا بہتر کہا جس جگہ سی
چاہتا ہون فرمایا اچھا کہا جس مکان سی چاہتا ہون فرمایا خوب اسمین سی کسی نی کہا کہ یہ شخص وطی فی الدبر کا ارادہ کرتا ہی فرمایا عورتونکی
دبر حرام ہی واخرج ابن جریر وابن ابی حاتم عن سعید ابن جبیر قال بینا انا ومجاهد جالس عند ابن عباس
اذ اتاه رجل فقال الا تشفینی من آیة المحیض قال بلی فاقرأ ویسئلونك عن المحیض الی قوله فأتوهن
من حیث امرکم الله قال ابن عباس من حیث جاء الدم من ثم امرت ان تأتی فقال کیف بالآیة نساءکم
حرث لکم قال ای ویحك وفی الدبر من حرث لو کان ما تقول حقا لکان المحیض منسوخا اذا شغلت من ههنا
جئت فی ههنا ولکن انی شئتم من اللیل والنهار یعنی سعید ابن جبیر کہتی ہین کہ مین اور مجاہد ابن عباس پاس
بیٹھا تھا کہ ایکشخص آنکر آپسی کہنی لگا کہ آیا آیۂ محیض سی آپ مجکو شفا نہین بخشتی فرمایا کیون نہین پہر پڑہوایا ویسئلونك عن المحیض
من حیث امرکم الله تک اور فرمایا کہ مراد من حیث امرکم الله سی موضع خون ہی کہ تجکو اسی موضع مین آنیکا حکم ہی اوس شخص نی کہا اگر یہی
بات ہی تو نساءکم حرث لکم کی کیا معنی فرمایا ای نادان کہین دبر مین بہی حرث ہوتا ہی اگر تیرا قول سچا ہو تو بیشک آیۂ حیض منسوخ ہوتا
کیونکہ جب تجہی ادہر سی مونہہ پہیرا اودہر متوجہ ہوا بلکہ انی شئتم کی تعمیم سی یہ مراد ہی کہ جہان چاہو خواہ دنکو خواہ راتکو واخرج عبد
ابن حمید عن عکرمة قال جاء رجل الی ابن عباس فقال کنت آتی اهلی فی دبرها وسمعت قول الله نساءکم حرث لکم
فأتوا حرثکم انی شئتم فظننت ان ذلك لی حلال فقال یا لکع انما قوله انی شئتم قائمة وقاعدة ومقبلة ومدبرة

فی اقتیانهن ولا تعدوا ذالک الی غیرہ یعنی عکرمہ نی کہا کہ ایک شخص ابن عباس کیحضور مین حاضر ہوا کہنی لگا کہ مین اپنی عورتسے
وطی فی الدبر کرتا ہون اسواسطیکہ مینی ارشاد خدا انی شئتم سی سمجھا کہ یہ فعل حلال ہی فرمایا ای احمق مراد انی شئتم سی یہ ہی کہ عورتونسے
جماع کرو اونکو کہڑا کر کریا بٹہا کر یا اونکی روکیجانب یا پشت کیجانب سے قبل مین اور اس موضع سی نہ بڑہو واخرج ابن عساکر
من طریق محمد ابن عبد الله ابن عمر ابن عثمان قال کان عبد الله ابن عمر یحدثنا ان النساء کن یوتین مدبرات
فقالت الیہود یاتین الولد احول فانزل الله نساءکم الآیۃ یعنی عمر ابن عثمان کہتا ہی کہ عبد الله ابن عمر فرماتی تہے
کہ لوگ عورتوں کی ساتہہ پشت کیجانب سے قبل مین وطی کرتی تہی یہود کہنی لگی متہری فرزند احول پیدا ہونگی اوسپر الله نی اس آیہ کو
نازل فرمایا واخرج عبد الرزاق وابن ابی شیبۃ وعبد ابن حمید والبیہقی عن عبد الله ابن عمر قال الذی یاتی
المراءۃ فی دبرہا ہی اللواطۃ الصغری یعنی ان سب راویون نی اخراج کیا کہ عبد الله ابن عمر نی فرمایا کہ جسنی وطی فی الدبر
کی بیشک لواطہ صغری بجالایا واخرج عن سعید ابن یسار ابی الحباب قال قلت لابن عمر ما تقول فی الجواری
نحمض لہن قال وما التحمیض فذکر الدبر فقال وہل یفعل ذالک احد من المسلمین یعنی ابو حباب کہتا ہی کہ مینی عبد الله
ابن عمر سی کہا کہ لونڈیونسی تحمیض کیسا ہی فرمایا تحمیض کیا چیز ہی مینی کہا اتیان فی الدبر فرمایا کوئی مسلمان بہی یہ فعل کرتا ہی یہ ہین
اقوال عبادلہ کی اب اعتراف نافع کا ملاحظہ فرمائیے اخرج النسائی والطبرانی وابن مردویہ عن ابی النضر انہ قال لنافع
مولی ابن عمر انہ قد اکثر علیک القول انک تقول عن ابن عمر انہ افتی ان توتی النساء فی ادبارہن قال کذبوا علی و
لکن ساحدثک کیف کان الامر ان ابن عمر عرض المصحف یوما وانا عندہ حتی بلغ نساءکم الآیۃ فقال لی
یا نافع ہل تعلم من امر ہذہ الآیۃ قلت لا قال انا معشر قریش نجبی النساء فلما دخلنا المدینۃ ونکحنا نساء الانصار اردنا منہن مثل
ما کنا نرید فاذا ہن قد کرہن ذالک واعظمنہ وکانت نساء الانصار قد اخذن بحال الیہود انما یوتین
علی جنوبہن فانزل الله نساءکم الآیۃ یعنی ابو نضر کہتا ہی مینی نافع کو کہا کہ لوگ تجہپر بہت قیل وقال کرتی ہین اسپر کہ
تو کہتا ہی کہ ابن عمر نی اتیان فی الادبار کا فتوی دیا کہا مجہپر لوگون نی جہوٹہ باندہا ہی بات اتنی ہی کہ ایکدن جناب ابن عمر
قرآن مجید تلاوت فرماتی تہی مین حاضر تہا جب آیہ نساءکم تک پہنچی مجہسی فرمایا کہ ای نافع کچہہ تجہی معلوم ہی کہ یہ آیہ کس مقدمہ مین
نازل ہوا مینی عرض کی نہین فرمایا ہم لوگ قریش تجبیہ کرتی تہی یعنی پشت پر لٹا کر جماع کرتی تہی جب مدینی مین آئی اور انصار کی
عورتونکو نکاح مین لائی جماع کیوقت یہی بات تجبیہ کی چاہی عورتون نی نہانا مکروہ جانا اور اونکو یہود نی یہ بات تعلیم تہی
کہ اونکو پشت لٹاتی تہی پیٹ پر نہ سلاتی تہی اسپر حقتعالی نی اس آیہ کو نازل فرمایا یعنی تائید قریش اور تذلیل یہود مین
وعلیہذا القیاس اس قسم کی اور روایات تفسیر در المنثور مین مذکور ہین پس بنا بران روایتونکی صاف واضح ہی کہ عبد الله ابن عمر
اور اونکی مولی نافع پر اس فعل شنیع کی نسبت ملازمان کا فریبہ بلا مریہ ہی چاہتی ہین کہ اس پر دیکہین اپنی عار کو اونپر نثار کریں
اونکی تضحیک فرمائین بیخبری ہی خود ملازمان پر مضحکہ بلا اور مبیان متصور ہے ع جو کہ اور ونپہ ہنسیگا وہ ہنسا جائیگا بعد

مرینکی بہی بدنام ہی ضحاک ہنوزہ **قال المجتہد المعزول** چنانچہ علامہ جلال الدین سیوطی کہ از عظمای علمای اہلسنت وجماعت ست در تفسیر در منثور نوشتہ **و بحول اللہ اقول** علامہ جلال الدین سیوطی کی عظمت اور جلالت قدر اونکی کثرت تصانیف سی مسلم فریقین ہی اگرچہ اکثر احادیث اور آثار اور روایات منقولہ تفسیر ہذا محدثین کی شرط پر نہین اسی جہت سی ناقدین علم معلوم نی مولف کو حاطب اللیل لکہا ہی خصوصاً اس تفسیر کی نسبت اسوجہ سی کہ اس تفسیر کا نام در منثور مقرر ہوا نہ در منظوم لیکن یہ تعمد مولف کی جلالت کا قادح نہین ہوسکتی کہ بنا بر افادات علامۂ دہلوی روح اللہ روحہ وفتوح البنا فتوحہ معلوم ہوتا ہی کہ مقصود ان بزرگ کو نکا یہ تہا کہ سر دست تفسیر اس التزام سی مجموع اور مولف ہوجاوی پہر بوقت فرصت صحیح سقیم سی امتیاز پاوی جیسا جامع صغیر منتخب جامع کبیر کا حال ہی لیکن موت کی عجلت سی یہ آرزو دل کی دل ہی مین رہی

ما کل ما یتمنی المرء یدرکہ ؛ تجری الریاح بما لا تشتہی السفن

اور معہذا تمامی احادیث اور آثار اور روایات اسکی مدعای اہلسنت کے مخالف نہین چنانچہ اپنی موقع مین اس دعوی کا نشان دیا جائیگا اور ملازمان کی غلط فہمی کا تدارک کیا جائیگا بالفعل اگر اس مقدمہ مین علامہ سابق الذکر کا مذہب دریافت کرنا منظور ہی تو تفسیر جلالین کا مطالعہ ضرور کہ باتفاق علما اس کتاب مین سوای اقوال مختارہ اور روایات صحیحہ اور کی گنجایش نہین و بالجملہ دفع شبہات ملازمان کی لئی یہ کلیہ محفوظ خاطر چاہئی کہ علامہ موصوف نی تفسیر در منثور مین کریمہ نساؤکم حرث لکم الآیہ کی تحت مین کئی قول فرمائی پہلی قول مین وہ احادیث اور آثار لائی کہ اونکی الفاظ مین ابہام کا نام نہین صریح اہلسنت کی موید مرام ہین اس قول کی روایات کو ملازمان نی یکقلم قلم انداز کیا کہ اونکا ایراد منافی تقریب تہا اور دوسری قول مین اون احادیث اور آثار کو مذکور فرمایا کہ اونکی الفاظ مین ظاہرا ابہام سی ملازمان نی بنا بر اتمام تقریب اور اہتمام تغلیط عوام اسی قول کی حدیثون پر اکتفا فرمایا اور آپ کو مصداق نؤمن ببعض و نکفر ببعض بنایا

ظاہر مین مگس طبعونکی شہد سی باتین ؛ باطن مین ہی ہر ایک کا زنبور کا عالم

لیکن الحمد للہ کہ بعد معرفت محاورہ اور دریافت روزمرہ صاف معلوم ہوتا ہی کہ قولین کی روایات متحد المآل اور اہلسنت کی موید مقال ہین تفصیل اجمال اور تحلیل اس اشکال کی یہ ہی کہ محدثین محققین محاورہ شناس کی نزدیک الفاظ روایات قول ثانی مین بعض جا لفظ حرمت اور بعض مقام مین لفظ من بتقدیر ہی اور اکثر مواضع مین فی معنی من مستعمل ہی بیشمار بحدہ العقل السلیم مناسبا للمقام اور قطع نظر اسکی کہ یہ اصطلاح ہی ولا مشاحۃ فی الاصطلاح مجرد اصطلاح ہی نہین بلکہ ضمیمہ شواہد ہمراہ ہی مثلا کہتی ہین کہ الآیۃ الفلانیۃ نزلت فی الخمر و الفلانیۃ فی المیسر اور مراد اسی نزلت فی حرمۃ الخمر و نزلت فی حرمۃ المیسر ہی اور یہ مجاز ہر لسان اور ہر زمان مین شایع الورود ہی مثلا کہتی ہین کہ یہ نسخہ بخار کا ہی اور یہ تعویذ نظر کا مراد اس سی تحصیل نہین بلکہ ازالہ ہی یعنی یہ نسخہ ازالہ بخار کی لئی ہی اور یہ تعویذ دفع نظر کو سطی ہی اسیطرح من معنی اور فی بمعنی من مطرد ہی اول قرآن مین مستعمل ہی قال اللہ تعالی فاتوھن من حیث امرکم اللہ واذا نودی للصلوۃ من یوم الجمعۃ اور اس معنی کا انکار مفسرین شیعہ کو بہی نہین اسمین تردد فلیطالع تفسیر ہم ثمہ اور ثانی مستعمل حدیث چنانچہ زیادہ طبرانی سی مفہوم ہوتا ہی کہ عبد اللہ ابن عمر کی محاورہ مین خصوصاً اور دوسرونکی محاورہ مین عموماً بیشتر فی بمعنی من مین

[illegible]

جریر نے بطریق زید ابن اسلم ابن عمر سے اخراج کیا کہ کسینے اپنی عورت کی دبر میں وطی کی اس حرکت سے اپنی دل مین ۱۲ پایا گیا اسپر نساءکم آیا ۱۲ منہ

استعمال پایا اسیوسطی نابلد آبلد کو ابن عمر وغیرہ کی فہم کلام مین تردد پیدا ہوا کہ وطی فی الدبر کو حلال توہم کیا غرض اس فائدیکو بنزات تمام یاد رکہنا چاہیی کہ اسی پر جواب استدلالات ملازمان کا مبتنی ہی فالحمد لہ **قال المجتہد المعزول** اخرج اسحٰق بن راہویہ فی مسندہ والبخاری وابن جریر عن نافع قال قرأت ذات یوم نساءکم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم قال ابن عمر اتدری فیم انزلت ہذہ الآیۃ قلت لا قال نزلت فی اتیان النساء فی ادبارہن واخرج الخطیب فی رواۃ مالک من طریق النضر بن عبد اللہ الازدی عن مالک عن نافع عن ابن عمر فی قولہ نساءکم حرث لکم الآیۃ قال ان شاء فی قبلہا وان شاء فی دبرہا واخرج الحسن ابن سفیان فی مسندہ والطبرانی فی الاوسط والحاکم وابو نعیم فی المستخرج بسند حسن عن ابن عمر قال انما نزلت علی رسول اللہ صلعم نساءکم حرث لکم الآیۃ رخصۃ فی اتیان الدبر **وبحول اللہ اقول** روایت اولی مین بعد نزلت فی کی لفظ حرمت کا مقدر ہی ای فی حرمۃ اتیان النساء فی ادبارہن یا یون کہی کہ اس روایت مین فی ادبارہن اور اسیطور روایت ثانیہ مین وان شاء فی دبرہا فی بمعنی من ہی ای من ادبارہن وان شاء من دبرہا اور روایت ثالثہ مین رخصۃ فی اتیان الدبر بمعنی فی الاتیان من الدبر ہے بتقدیر من اس ہنگام مین مغالطہ بیجا حاصل اور بنای حلت وطی فی الدبر مستاصل ہوئی اور روایات جمہور اور عبد اللہ ابن عمر کی روایت جو قال الذکر مین اتفاق بہم پہنچا وکیف لا کہ اہلسنت کی نزدیک جیسی القرآن یفسر بعضہ بعضا معلوم ہی ایسا ہی الحدیث یفسر بعضہ بعضا مجزوم اگر ملازمان الا ان قاصد یکو بیفائدہ جانینگی مطعون ہونگی سنی کیا شیعہ بہی مجہو سمجہینگی کیونکہ الزام مسلمات خصم پر ہوتا ہی نہ اپنی وہم اور سوء فہم پر اہلسنت کے خدمت کیمیا خاصیت مین شرف باریابی حاصل کرکر کچہ سیکہئی تب میدان مناظرہ مین بڑہیی ہے در تجربہ ہای دہر ستادان اثر شاگردی کن ولاکہ استاد نہ **قال المجتہد المعزول** واخرج ابن جریر والطبرانی فی الاوسط وابن مردویہ وابن النجار بسند حسن عن ابن عمر ان رجلا اصاب امراتہ دبرہا فی زمن رسول اللہ صلعم فانکر ذالک الناس وقالوا انفرہا فانزل اللہ نساءکم حرث لکم الآیۃ وقریب باین ست روایات دیگر کہ در ہمان تفسیر مذکور ست وہی ہذہ اخرج الخطیب فی رواۃ مالک من طریق احمد ابن الحکم العبدی عن مالک عن ابن عمر قال جاءت امراۃ من الانصار الی النبی صلعم تشکو زوجہا فانزل اللہ نساءکم حرث لکم الآیۃ واخرج النسائی وابن جریر من طریق زید ابن اسلم عن ابن عمر ان رجلا اتی امراتہ فی دبرہا فوجد فی نفسہ من ذلک وجدا شدیدا فانزل اللہ نساءکم حرث لکم الآیۃ **وبحول اللہ اقول** کتاب در منثور مین قالوا انفرہا کا لفظ نہین بلکہ قالوا نغرہ اللہ واقع ہی تفسیر مذکور کی منہیہ مین لکہا ہی کہ انغر بالنون قبل الغین المعجمۃ وبعدہا بالراء المہملۃ بمعنی دفر ای اہلکہ اللہ معلوم نہین کہ ملازمان لفظ انفرہا کی کیا معنی سمجہی اگر صیغۂ متکلم قرار دیا ہی مشتق نفرت سے تو قالوا صیغۂ جمع کی بعد ننفر بصیغۂ جمع متکلم چاہئی نہ انفر بصیغۂ واحد متکلم وعلی کلا التقدیرین لہا ضمیر واحد مونث کا بہی تو کچہ ٹہکانا نہین لگتا اور معہذا نہ معنی انفرہا کی منافی مذہب اہلسنت نہ مناسب مذہب شیعہ اگر کاتش آیہ قرآنیہ ہی امستہ اہلی

من امتکم کیطرح کہ شیعہ ائمہ انکی من ائمتکم روایت کرتی ہین یا کلام نہج البلاغہ مین یعد بلاد ابی بکر کی جگہہ لیعد بلاد فلان وضع ہوا علی ما صرح بہ شارح نہج البلاغہ و سنبینہ انشا اللہ تا اہلسنت تبشارت قطعیہ شیخین متمسک نہون بہ و ہر چند یہ تصرف بیکار کا ہوتا تو بہی مفید غرض اور بعید از طلب عبث نہوتا اسی معلوم ہوتا ہی کہ یہ تصرف نادانستہ یعنی بسبب عدم علم معنی انفر کی ضرور پڑا اسی باعث اس روایت کے ترجمہ مین نہ انفرہا کی معنی سی تعرض ہوا نہ انفرہ اللہ کے حاصل کا ذکر آیا سبحان اللہ اسی ہونہہ پر دعوائی اجتہاد ہی اور ادعای ارشاد

کلاہ خسروی و تاج شاہی ؛ بسر گل کی رسد حاشا و کلا ؛ و بالجملہ روایت اولی اور ثالثہ سی اسیقدر مفہوم ہی کہ عہد نبوت مین ایک شخص مجہول الاسم و المسمی کو یہ امر شنیع پیش آیا او سپر آیہ نساءکم نی نزول پایا یہ کہا سی ثابت ہوا کہ اس فعل ممنوع کی حلت مین اس آیہ نی نزول فرمایا ذرا ہوش کی باتین کیجیی عقل کی ناخن لیجیی کہ مطلوب اور چیز ہوتا ہی اور نتیجہ اور شی ع سخن شناس نہ دلبرا خطا اینجاست ؛ اور معہذا ابہی بادلائل اور شواہد گذر چکا کہ من کا لفظ کبہی مقدر آتا ہی اور عبد اللہ ابن عمر کی محاورہ مین فی بمعنی من بہی استعمال پاتا ہی اس تقدیر پر مطلع صاف ہے کہ روایت اولی کی ان رجلا اصاب امرأتہ دبرہا مین من مقدر ہی ای من دبرہا اور روایت ثالثہ کی ان رجلا اتی امرأتہ فی دبرہا میں فی بمعنی من ہے ای من دبرہا اور روایت ثانیہ مین لفظ تشکوز وجہا مبہم واقع ہی کہ ملازمان کو بہی اوسپر یقین نہین ہے واسطی قبل اس روایت کے ارشاد ہوا کہ قریب باین ست روایات دیگر اخراب کس نجوم یا جفر کی قاعدہ سی کہ باعتراف امامیہ علم خاص ایمہ سامیہ ہے دریافت ہوا کہ وطی فی الدبر مراد ہے جسکی حلت پر یہ دلیل ارشاد ہے

معلوم نہین تجکو منجم خبر غیب ؛ یہ بند دکان ہی نہ کہلی ہی نہ کہلیگی ؛ بلکہ بحکم مرویات اخر باتفاق ابن عمر اگر تینون روایتونکی تینون لفظونکو علی اتیان النساء فی القبل من الدبر پر حمل کیجیی اور داد انصاف دیجیی کہ بسبب مزعوم یہود او مرسوم نا بہبود کہ جماع ہیأت کذائیہ کو موجب احولیت پسر اور باعث بہیمیت مادر و پدر گمان کرتی تہی وہ تینون مرد مورد انکار اور شکایت اور مصدر ندامت اور زحمت ہوئی اونکی تسلی کی لئی آیہ نی نزول فرمایا کہ تمہاری عورات تمہاری کہیتیان ہین اپنی کہیتی مین آو جسطرح چاہو یعنی کہیتی ہی مین آؤ اوسی تجاوز نفرماؤ یہود نا بہبود کی مخترعات پر نجاؤ اور انصاریہ کی شکایت بیجا ہی اوسکی زوج کو اسطرحکا فعل روا ہی تو کیا خوب بات ہے فبطل الاستدلال علی حلۃ وطی الحلائل فی الادبار و ثبت ما ادعینا کالشمس علی رابعۃ النہار

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم ؛ چشمۂ آفتاب را چہ گناہ ؛ قال المجتہد المعزول و اخرج الدار قطنی فی غرائب مالک من طریق ابی بشر الدولابی حدثنا ابو الحارث احمد ابن سعید حدثنا ابو ثابت محمد ابن عبد اللہ المدنی حدثنی عبد العزیز ابن محمد الدراوردی عن عبید اللہ ابن عمر ابن حفص و ابن ابی ذئب و مالک ابن انس کلہم عن نافع قال قال لی ابن عمر امسک علی المصحف یا نافع فقرء حتی اتی علی نساءکم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم قال تدری یا نافع فیم نزلت ہذہ الآیۃ قلت لا قال نزلت فی رجل من الانصار اصاب امرأتہ فی دبرہا فاعظم الناس ذلک فانزل اللہ نساءکم حرث لکم الآیۃ قلت لہ من دبرہا فی قبلہا قال لا الا فی دبرہا و محصل اسکا اقول حاصل اس روایت کا یہی ہی کہ عبد اللہ ابن عمر نی بیان کیا کہ حضرتکی زمانہ مین

کسی انصاری سی یہ فعل صرزد ہوا اوسپر یہ آیہ آیا نافع کو شک نی لیا ابن عمر سی متعجبانہ استفسار کیا من دبرہا فی قبلہا ای صاب الرجل
من دبرہا فی قبلہا یعنی آیا وہ انصار دبر کی راہ قبل مین آیا فرمایا لا الا فی دبرہا یعنی قبل مین نہین دبر ہی مین آیا پس اس بیان سے
تجویز اس فعل کی نسبت با ابن عمر اور نزول آیہ کا اوسپر باوجودیکہ اکابر مفسرین اس شان نزول کو ضعیف بتا رہی ہین اور حافظ
ابن کثیر اسکو لا یصح فرما رہی ہین کہان ثابت ہی بلکہ موافق مرویات جمہور کہ حد شہرت کو پہنچی ہین یہ آیہ اس فعل کی منع پر نازل ہوسکتا ہے
ملازمان نی ظاہرا جبھی اس بیان سی حلت اور تجویز ابن عمر استنباط کی یون سمجھی کہ نافع نی جو ابن عمر سی سوال کیا کہ قلت لہ من دبرہا
فی قبلہا یہ استفتا ہی اور ابن عمر نی جو نافع کو جواب دیا کہ لا الا فی دبرہا فتوی ہی اور نہ سمجھی کہ اصابۃ انصاری سوال جواب
واقع ہوا یعنی تقدیر عبارت سائل کی یہ ہی کہ اصاب من دبرہا فی قبلہا اور تقدیر عبارت مسؤل کی یہ ہی کہ لا الا اصاب فی
دبرہا یہ ہی حال آپکی فہم و فراست اور عقل و کیاست کا ہے تو و طوبی و ما و قامت یار فکر ہر کس بقدر ہمت اوست
قال المجتہد المعزول بسند دیگر از ابن ابی ذئب از نافع از ابن عمر آوردہ قال ۵۱ وقع رجل علی امرأتہ فی دبرہا فانزل
اللہ نساءکم حرث لکم الایۃ قال فقلت لابن ابی ذئب ما تقول انت فی ہذا قال ما اقول فیہ بعد ہذا
و باز بسند دیگر از نافع آوردہ قال ۵۲ قرأ ابن عمر ہذہ السورۃ فمر بہذہ الآیۃ فقال تدری فیما نزلت ہذہ الآیۃ
قلت لا قال فی رجال کانوا یاتون النساء فی ادبارہن **وبحول اللہ اقول** محصل ان دونو روایتونکا نہایت واضح
اور آشکار بلکہ کالشمس فی نصف النہار ہی اسواسطیکہ پہلی روایت مین جب راوی نی ابن ابی ذئب سے پوچھا کہ ابن عمر نی تو
موافقت دبر کی حرمت مین اس آیہ کی نزول کو فرمایا اسواسطیکہ انکی محاورہ مین یہی معنی ہین تو اس مقدمہ مین تم کیا کہتا ہے
ایا یہ فعل تیری نزدیک حلال ہی یا حرام کہا ما اقول فیہ بعد ہذا یعنی مین اب تصریح اور نزول صریح کی ہوتی ہوئی کیا کہون اجتہاد
تو نص کی مقابل مین حرام ہی ملازمان کی استدلال مین جب یہ روایت اور اسیطرح روایت ثانیہ کام آتی کہ ان دونون روایتون
فی بمعنی من ہوتا بلکہ برتقدیر عدم ارادہ اس افادہ کی بھی تقریب ملازمان ناتمام ہی اسواسطیکہ یہ دونو روایت
مرویات جمہور اور ابن عمر اور نافع کی مخالف اور بدستور بعض روایات سابقہ مبہم اور محتمل ہی بحکم یک پیری صد عیب
قضیہ مسلمہ متداولہ کہ اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال شاید فراموش خاطر اجتہاد ماثر ہوا ہے سہو و نسیان و فراموشی
کُندی جو اس پیرانہ سالی کی ساتھ گھٹتی سی جوانی کی بڑہی کیا کیا کچھ **قال المجتہد المعزول** لطیفہ نافعہ **وبحول اللہ اقول** حقیقت در
یہ لطیفہ ضارہ ہی بلکہ لطیفہ ہی نہین نہ نافعہ نہ ضارہ اسواسطیکہ ملا عصمت اللہ شرح خلاصۃ الحساب مین افادہ فرماتی ہین
کہ اللطیفۃ فی اللغۃ ما یوجب النشاط یعنی متکلم سی ایسا کلام ظہور پاوی کہ مخاطب سنکر سرور مین آوی جیسا
کسور تسعہ کی مخرج مشترک پیدا کرنی مین کہتی ہین کہ عین والی کسر ونکو باہم ضرب کیجیے تا ۲۵۲۰ مطلوب ہاتھ آوی یا جیسی
جناب مرتضوی نی فرمایا کہ عدد ایام اسبوع یعنی ۷ کو عدد ایام سال یعنی ۳۶۰ مین ضرب دیجیے وہی مطلوب حاصل ہوگا
یا جیسے معالم مین منقول ہی کہ ایک یہودی نا بہبود نی جناب ممدوح سی پوچھا کہ تمہارا قرآن کیونکر صحیح ہی اصحاب کہف کے

تسع مین ثلثمائۃ سنین وازدادو التسعًا واقع ہی اور توریت مین صرف ثلثمائۃ کا لفظ ہی آپنی فی البدیہہ فرمایا کہ
تمہارا حساب یونانی شمسی ہی اور ہمارا حساب عربی قمری ہی پس از روی حساب دو نو مین تفاوت نہین یہودی تعجب مین آیا
فی الحال ایمان لایا فالحمد للہ اور اسی قبیل سی چند لطیفہ اور ہین ایک یہ کہ جب صحرا مین لشکر سلیمان علیہ السلام کا آیا مور چہ سلیمانی نے
اپنی گروہ کو فرمایا یاایھا النمل ادخلوا مساکنکم لا یحطمنکم سلیمان وجنودہ وھم لا یشعرون
ای چینٹو اپنی سوراخ مین بیٹھو مبادا نادانستہ لشکر سلیمان تمکو پامال کری امام رازی تفسیر کبیر مین اسپر لطیفہ فرماتی ہین
کہ آفرین ہو چیونٹی کی فہمید پر کہ سمجہا ہر چند فرقہ سپاہ ظلم اور تعدی مین بیصرفہ اور متعدی ہوتا ہی پر حضرت سلیمان کی صحبت سے
اسقدر مہذب ہو اگر چہ بعد دانستہ مور ناتوان پر بہی زور اور پامالی روا نہین رکہتا برخلاف روافض کہ ہرگز نسمجہی کہ صحابہ
کبار کہ مصاحب اور ملازم اور یار غار اور رفیق غمگسار تہی اونمین افضل الانبیا محمد مصطفٰے کی صحبت نے ذرہ اثر نکیا کہ آپکی
بیٹی داماد و نواسون پر معاذ اللہ ظلم کرتی رہی گہر پہونک دیی مدد معاش ضبط کی زمین باغات قرقی مین لی پس فضل
نارسا عقل اور اعتقاد مین مورچہ سلیمانی سی کمتر اور بدتر ٹہری دوسری یہ کہ ایک رافضی تبرائی بغض و دشنام کا سودائی
حمام کشمیر مین آیا حمامی نی پوچہا آغا اسم شریف کہا کلب علی حمامی نی کہا غلام علی کیون نہ نام کیا کہا اس نیت سے کہ شاید مجہکو
سگ علی جانکر بہشت مین جانین دین حمامی نی کہا آغا ہوش کی بات کرو سگ خدا تو بہشت مین راہ نپائیگا سگ علی کیونکر بہشت
مین جائیگا تیسری یہ کہ نواب شجاع الدولہ نی اثنای راہ مین دیکہا کہ ایک کتا کسی قبر پر پیشاب کر رہا ہی فرمایا کہ شاید این قبر
سنی ست ایکصاحب گستاخ سنی المذہب نی عرض کیا کہ بلی نوابصاحب این سگ شیعی ست چوتہی یہ کہ مولانا شاہ عبد العزیز
دہلوی سی کسی ایرانی نی پوچہا کہ ہماری مذہب کے کچہ باتین آپکے یہان بہی ہین فرمایا سب ہین سب نہین و علی ہذا القیاس اور
لطائف ہین کہ اونکی مفہوم مین ایجاب نشاط سامع معتبر ہی پس جس شی کو ملازمان لطیفہ قرار دیتی ہین اوسمین نشاط کہان سے آ
فرط عناد اور خرط فنادہی اس قسم کی ہفوات اور کبوات بی ثبات کو عقلا سخریت اور استہزا کہتی ہین ایسی ہی مستہزئین کی حق مین
ارشاد احکم الحاکمین ہے واذا لقوا الذین امنوا قالوا آمنا واذا خلوا الی شیاطینھم قالوا انا معکم انما نحن
مستھزءون اللہ یستھزئ بھم ویمدھم فی طغیانھم یعمھون اسحالت مین کہ نہ مونہہ مین دانت ہی نہ پیٹ مین آنت
ظرافت اور تمسخر زیبا نہین ۔ تو بر سر قدر خویشتن باش و وقار ۔ بازی و ظرافت بندیمان بگذار ۔ اس استہزا کا لطیفہ اولٹا
نام ویسا ہی ہے جیسی مقتدای رفضہ زنا کو متعہ نفاق کو تقیہ تبرا کو تولا حضرت شہر بانو کی ہنڈیا کا نیکو مرثیہ اور نوحہ کہہ گئی لطافت
اور نرمی ہی ہمنی سمجہا دیا اگر نہیں سمجہتی یہ لطیفہ منجر بکثیفہ ہوگا کلا سوف تعلمون ثم کلا سوف تعلمون ۔ بلطافت چو برنیاید
کار ۔ سر بہ بیحرمتی کشد ناچار ۔ قال المجتہد المعزول در صحیح بخاری کہ آنرا اصح الکتب بعد کتاب الباری میدانند نیز روایت نافع
مرقوم گشتہ لکن بخاری تاشی حیای عثمانی نمودہ و بجمل المہ اقول روایت نافع کی جو بخاری مین مذکور ہی اوسکا جواب
دندان شکن بلکہ گردن شکن آتا ہی خاطر شریف مطمئن رہی اور حیای عثمانی کی تعریض سی جو تعرض ہی الکمال جسارت اور بیباکی ہی

جناب عثمان داماد سید الانس و جان ہم لف شبیر یزدان سی تو سوای شرم اور آزرم امر آخر وقوع مین نہین آیا نہ اونکی گلیم سی ہیچ
بندہی خمر اونکی بی بی کا کسینی حمل ساقط کیا نہ اونکی بیٹی کو کوئی چھین لیگیا ہان بحکم نقل کفر کفر نباشد باعتراف صاحب حق الیقین
وغیرہ یہ ساری امور معاذ اللہ نسبت بجناب اسد اللہ یقینی الثبوت ہین کہ کشان کشان رسن در گلو آپکو بیعت سکیواسطی لائی قنفذ در کا
جناب زہرا پر اسقدر صدمہ پہنچایا کہ باعث اسقاط حمل محسن ہوا جناب کلثوم بغصب و اکراہ حضرت عمر کی نکاح مین آئین تا آنکہ اول
فرج غصبنا علی ما فی الاستغاثۃ وذلک فرج غصبنا علی ما فی الکلینی اوس مطہرہ کی حق مین بروایت امام صادق سے
پیدا ہیت کی باوجود اس ہتک حرمت اور بی ناموسی کی جناب اشجع الاشجعین امیر المومنین کی عرق حمیت اور رگ غیرت کا جنبش
مین نہ آنا اور غاصبین کا عطیہ اور ادرار مقررہ کہانا اور تقسیم غنایم اور فئی مین شریک رہنا اور نماز پنجگانہ مین ہر وقت ہر روز
اور جمعہ اور اعیاد مین ہر ہفتہ اور ہر سال انکی اقتدا کرنا اور باوصف ان ارض اللہ واسعۃ فتہاجروا فیہا ہجرت کو نہ بہنا و علی
ہذا القیاس کس چیز پر محمول اور مقبول ہوگا تقیہ نامعقول ان مواقع مین تو سراسر بیموقع اور فضول ہی آفرین شہید کربلا ابن شیر خدا
قرۃ العین زہرا سبط مصطفے صلعم کو کہ باوجود تلف مال و جان اور ذلت اور رسوائی خاندان کہ در صورت تقیہ اسکا خلاف متوقع تہا
اور متیقن تہا تقیہ کی اوٹ مین نہ آئی آبرو کی بیچہی اعدا کی چوٹ کہائی حیا اور غیرت کی یہ معنی ہین نہ وہ امور لایعنی کہ بطور
یہ مذکور واقعی بہی ماثور ہوتی خصوصاً ماجرای غصب جناب کلثوم تو بہی مقتضای حمیت و ناموس کا یہ تہا کہ سہواً بہی اسکا ذکر
زبان پر نہ آتا چہ جای عمداً علامۂ دہلوی قدس سرہ تحفہ مین افادہ فرماتی ہین کہ مینی بچشم خود دیکہا کہ ہنگام ہنگامہ افاغنہ
قندہار ملقب بہ درانیان اکثر بازاریونکی بہوین بیٹیان بی ناموس اور مورد حسرت و افسوس ہوئیان من بعد بمقتضای غیرت
و ناموس کبہی انکی زبان پر حرف بی ناموسی کا نہین آیا یہان اس فعل خبیث کے نسبت بضعہ طاہرۂ جناب رسالت کیطرف نہ تنہا
بلکہ بانضمام عضو مستور الاسم والمسمی بار بار علی مر الدہور و کر الاعصار زبان زد اخیار اور اشرار ہی لاحول ولا قوۃ الا باللہ
ولنعم ما قیل ع دوستی بیخرد خود دشمنیست بہر حال کف اللسان چاہئی خدا کیواسطی ایسی بات مونہہ پر نہ لائی خوارج نواصب
۶ خذلہم اللہ فی المشارق والمغارب اگر کہین سن پائینگی تمامی شیعہ اور متشیعین کے نسبت عموماً و خصوصاً سنت عمری بجا لائینگی
اس قسم غصب کے جرأت بہم پہنچائینگی اور مضمون اس شعر کا بی اندیشہ بالمشافہ گائینگی ۶ کو دا کوئی یون گہر مین ترے
دہم سی نہوگا ۞ جو کام ہوا ہمسی وہ رستم سی نہوگا ۞ وبالجملہ اس تقریر استحیائی سی واضح ہوا کہ تعریض بحیای عثمانی کمال سفاہت
اور نادانی ہی باعتراف شیعہ جسکی جانب موسوی ہوتی ہی اوسیکو مبارک رہی اور یہ بہی امر اثبات کو پہنچا کہ نہ حضرت عمر غاصب تہے
نہ جناب کلثوم مغصوب اول اسواسطیکہ کتاب تنزیہ الانبیا مین شریف مرتضی بہانگ بلند ندا کر رہا ہی کہ ان عمر کان مظہراً
للاسلام والمتمسک بشرایعہ کلہا یعنی حضرت عمر رض مظہر اسلام تہی اور تمامی شرایع اسلام کی متمسک پس ایسی شخص کے
نسبت غصب کیونکر متوہم یا متحقق ہوئی بلکہ ممتنع اور محال ہی و دونہ مخترطات وہمیہ کاثبات الاغوال اور ثانی اسواسطیکہ
تحفہ مین عبارت شیعہ سی منقول ہی کہ سئل الامام محمد ابن علی الباقر عن تزویجہا فقال لولا انہ رآہ اہلا لہا

۵ یعنی اول فرج اما میین و غصب ہوئی ہی ۱۲

۶ یعنی [illegible] [illegible]

کان یزوجها ایاہ وکانت اشرف نساء العالمین جدہا رسول اللہ صلعم واخواہا الحسن والحسین سیدا
شباب اہل الجنة وابوہا علی ذو الشرف والمنقبة فی الاسلام وامہا فاطمة بنت محمد صلعم وجدتہا خدیجة
بنت خویلد یعنی ابن حجر باقرار جواب سائل مین فرمایا کہ اگر حضرت عمر کو حضرت علی لایق نہ دیکھتی ہرگز جناب کلثوم کو انکی عقد مین
نہ دیتی حالانکہ جناب ممدوحہ بہترین زنان زمان تھین کہ رسولخدا صلعم آپکی جد ہین اور حسنین سردار جوانان جنت بھائی اور والد شریف
صاحب شرف ومنقبت علی مرتضی اور والدۂ شریفہ دختر پیغمبر فاطمة الزہرا اور جدۂ مکرمہ بنت خویلد خدیجة الکبری پس یہ شہادت امام
منافی منقصت جناب کلثوم ہی والسلام اور یہ جو بعض روافض بپاس عداوت فاروقی صیغہ لفیف مفروقی بتاتی ہین کہ
عند المزافات بابین حضرت عمر اور جناب کلثوم اطہر جنیہ حائل ہوتی تہی مکذب اس افترا کی سرو پا کا کتاب نہایة الادب فی معرفة النسب
وغیرہ ہی کہ اونمین بالتصریح مرقوم ہی کہ زید ابن عمر اور رقیہ اطہر دونو انہین معصومہ کے بطن شریف سی متولد ہوئی زید کا
بیس برسکو سن پہنچا ہنگام شب کہ خانہ جنگی بنی عدی کی اصلاح کو آئی شہادت پائی اور اوسی شب مین انکی والدہ مطہرہ
جناب کلثوم نی بہی انتقال پایا چنانچہ دونو جنازیکو ایکساتہہ لائی حضرت امام حسن اور عبد اللہ ابن عمر وغیرہ نی نماز جنازہ پڑہی
پڑہی اب بعد اس تحقیق انیق کی اوس دروغ بیفروغ کو گنجایش تصدیق نہ رہی یہ ہی مذہب اہل حیا اور ارباب غیرت کا اگر
اسکی خلاف کسی بیغیرت کی کہی پر کوئی کان دہریگا مونہہ کی بہل گریگا ملا زمان کی بدلگامی اور حیای خودکامی خصوصا لطیفہ
نافعہ اس گت کو پہنچایا اگی دیکہئی کیا اتفاق ہوے ٥ شیشۂ حق کیطرح ای ساقی پہ چہیڑ نامست کہہ رہی ہین خداوند
زبان قلم کی جو ملا زمان کی بدولت اونکا مین مجبور ہین اوسکا راضی نہین وبال برگردن اوضعی قلم فاقض ما انت بقاض
قال المجتہد المعزول از غایت شرم وآزرم مانند تحریف قرآنی تبدیل تصریح بکنایہ فرمودہ ونحول اللہ اقول دعوی
تحریف قرآنی بتمثیل تعریض عثمانی کمال وقاحت اور نادانی ہی کیونکہ باتفاق اہلسنت قاطبة اور بتحقیق محققین شیعہ اہل الحلت
ثابت اور مستحق ہی کہ قرآن موجود مین اصلا تحریف اور تغییر نہین نہ بزیادت نہ بنقصان نہ بتبدیل کلمہ بکلمہ چنانچہ کتاب نہج البلاغة
مین کہ اصح الکتب اور متواتر عند الشیعہ ہے زبانی جناب مرتضوی بضمن خطبہ طویلہ مروی ہے ثم انزل علیه الکتاب نورًا لا یطفاء
مصابیحه وسراجا لا یخبوء توقده وبحرا لا یدرک قعره ومنهاجا لا یضل نهجه وشعاعا لا یظلم ضوءه
وفرقانا لا یخمد برهانه وبیانا لا یهدم ارکانه الی ان قال فهو بحر لا ینزفه المستنزفون وعیون لا ینضبها الماتحون
یعنی اللہ نی اوتارا اپنی نبی پر قرآن کو نور کہ نہین گل ہوتا اوسکا چراغ اور چراغ کہ نہین بجہتی اوسکی روشنی اور دریا کہ
نہین پایان اوسکی گہرائی کا اور راہ کشادہ کہ نہین بہٹکتا راہ گیر اور شعاع کہ نہین تاریک ہوتی اوسکی چمک اور فارق میان
حق وباطل کہ نہین جہم ہوتی اوسکی برہان اور خانہ کہ نہین گرتی اوسکی ارکان یہانتک کہ فرمایا کہ پس قرآن ایک دریا ہے
عظیم الشان کہ نہین سرقہ کر سکتی اوسکو سرقہ کرنیوالی اور ایک چشمہ ہی روان کہ نہین مٹا سکتی اسکو مٹانی والی اور حدیقہ
مین امام صادق سی منقول ہی کہ ان هذا القرآن فیه منار الهدی ومصابیح الدجی یعنی اس قرآن مین نشانہای ہدایت کے اور

چراغ تاریکی کی آور ادہمی کتاب مین ہی کہ امام علم الہدی نی اکابر شیعونکو لکہا کہ قد اجمعت الامۃ فی آیاتہ او سوراتہ
القرآن حق لا ریب فیہ یعنی کافہ امت کا اتفاق ہی کہ یہ قرآن حق ہی اسمین شبہہ کو دخل نہین ہی بعد اعتراف بان القرآن حق
لا اختلاف بینہم فی تنزیلہ وتصدیقہ فاذا شہد القرآن بتصدیق خبر وتحقیق فانکر الخبر
طایفۃ من الامۃ لزمہم الاقرار بہ ضرورۃ حیث اجمعوا فی الاصل علی تصدیق الکتاب فی تنزیلہ فہی ان
جحدت وانکرت لزمہا الخروج عن الملۃ یعنی قرآن حق ہی فیما بین امت نہ اوسکی تنزیل مین اختلاف ہی نہ تصدیق
مین پس ہرگاہ یہ قرآن کسی حدیث کی راستی ودرستی پر گواہی دیوی اور اوسکو ایکجماعت امت کی انکار کری اوسکا اقرار اون پر
ضرور لازم ہی اسواسطیکہ اوس حدیث کے اصل مین کہ قرآن ہی اوسپر یقین ہی پس اگر اقرار اوسکا نہ ہوگا تو ملت اسلام سی
خروج لازم آئیگا اور ملا صادق شارح کلینی نی لکہا کہ ویظہر القرآن بہذا الترتیب عند ظہور الامام الثانی عشر
ویہ لیشتہر یعنی اسی ترتیب کے ساتہہ امام آخر الزمان کی زمانہ مین قرآن ظہور فرمائیگا اور اوسیکو شہار پائیگا خلاصۃ المنہج مین
تحت قولہ تعالی لا مبدل لکلماتہ وہو السمیع العلیم مذکور ہی ہیچکس نیست کہ تبدیل دہندہ باشد مر اخبار واحکام او را بسبب آنکہ وعدہ
داوند تو بیت از یرا کہ حقتعالی محافظت قرآن فرمودہ است اور مجمع البیان مین سید مرتضی سی منقول ہی کہ ان القرآن کان علی عہد
رسول اللہ صلعم مجموعا مؤلفا علی ما ہو علیہ الآن واستدل علی ذلک بان القرآن کان یدرس ویحفظ جمیعہ
فی ذلک الزمان حتی عین علی جماعۃ من الصحابۃ فی حفظہم وانہ کان یعرض علی النبی ویتلی علیہ وان جماعۃ
من الصحابۃ کعبد اللہ بن مسعود وابی بن کعب وغیرہما ختموا القرآن علی النبی صلعم عدۃ ختمات وکل ذلک بادنی تامل
یدل علی انہ کان مجموعا مرتبا غیر منثور ولا مبثوث وذکر ان من خالف من الامامیۃ والحشویۃ
لا یعتد بخلافہم فان الخلاف مضاف الی قوم من اصحاب الحدیث نقلوا اخبارا ضعیفۃ ظنوا
صحتہا لا یرجع بمثلہا عن المعلوم المقطوع بصحتہ یعنی تحقیق قرآن حضرت کی عہد مین ایسا ہی مجموع اور
مرتب تہا جیسا اب ہے اور وہ دلیل لایا اس بات پر کہ قرآن حضرت کی زمانہ مین درس مین آتا تہا تمام وکمال یاد کیا جاتا تہا
ایکجماعت صحابہ کی اوسکی حفظ پر متعین تہی حضرت کی حضور مین عرض کیا جاتا تہا پڑہا جاتا تہا اور عبد اللہ ابن مسعود اور ابی ابن کعب
صحابی نی حضرت کے سامنی کئی ختم کئی ایسے امور بادنی تامل دلیل ہین اسپر کہ قرآن مجموع مرتب تہا نہ پریشان اور ابتر جن امامیہ
یا حشویہ نے مخالفت کی اوسکا اعتبار نہین کیونکہ اونکا خلاف مضاف ہے حدیث کیجانب کہ اخبار ضعیفہ نقل کرتی ہین اور اوسکی صحت کا گمان
رکہتی ہین پس مقطوع معلوم الصحت کی ہوتی ایسی اخبار ضعیفہ کیطرف رجوع صحیح نہین اور اسی کتاب مین ہے کہ اما الزیادۃ فیہ
فمجمع علی بطلانہا واما النقصان فقد روی قوم من اصحابنا وقوم من حشویۃ العامۃ ان فی القرآن
تغیرا ونقصانا والصحیح من مذہب اصحابنا خلافہ وہو الذی نصرہ المرتضی یعنی زیادتی قرآن کی بالاتفاق
باطل ہی لیکن نقصان او تغیر کہ بعضی شیعہ اور حشویہ نے نقل کیا پر مذہب صحیح اسکی خلاف ہے اور اسی بات کو یاری دی مرتضی نی اور

مصنف انصوب بین ہی ہما نسبہ الی الشیعة من قولهم بوقوع التغیر فی القران لیس مما قال بہ جمهور الامامیة
وانما قال به شرذمة قلیلة لا اعتداد لهم فیما بینهم یعنی شیعونکی طرف نسبت تغیر قرآن کی جمہور کا قول نہین
ایک جماعت قلیلہ اسکی قائل ہی جنکی اعتبار نہین کذوب شیعہ ابن بابویہ ہرچند اول حال مین حذف و نقصان کا قائل تہا حیث
روی انه وجد بخط قرآن ابی محمد الحسن العسکری ما صورته اعوذ بالله من قوم حذفوا محکمات الکتاب
ونسوا رب الارباب والنبی ساقی الکوثر یوم الحساب علی ما فی التحفة آخر جب جبراً قرار صحت قرآن چارہ ندیکہا روایات
مذکورہ کی طرف کتاب الاعتقادات مین اپنی اعتقاد کو ٹہیک کیا اس معنی کر صدوق کہتی تو بجا ہی وعبارته ہکذا
اعتقادنا ان القران الذی انزله الله علی نبیه محمد صلعم هو ما بین الدفتین و هو ما فی ایدی الناس لیس باکثر
من ذلك و مبلغ سوره عند الناس مائة و اربعة عشر سورة و عندنا و الضحی و الم نشرح سورة واحدة و لایلاف
و الم ترکیف سورة واحدة و الانفال و توبة سورة واحدة و من نسب الینا انا نقول انه اکثر من ذلك فهو کاذب
ترجمہ کہتا ہی کہ اعتقاد ہم شیعونکا یہ ہی کہ جس قرآن کو حق تعالی نی اپنی نبی محمد رسول اللہ صلعم پر نازل کیا وہ یہی ہی جو دو دفتین مین
متداول اور لوگونکی ہاتہو مین متداول ہی اس مقدار سی زیادہ نہین اور ہنگی سورہ قرآن اہلسنت کی نزدیک ایکسو چودہ ۱۱۴ ہین اور ہماری
نزدیک والضحی اور الم نشرح ایکسورہ ہی اور لایلاف اور الم ترکیف ایک اور انفال اور توبہ ایک اور جو ہماری طرف نسبت کرتا
ہی کہ ہم قائل ہین کہ قرآن اس مقدار سی زیادہ ہی وہ جہوٹہا ہی ہم اسکی قائل نہین پہر وہی صدوق اس دعوی پر یون دلیل لاتا ہی
کما روی ان ثواب قراءة کل سورة من القران و ثواب من ختم القران کله و جواز قراءة سورتین فی رکعة نافلة والنهی
عن القران بین السورتین فی رکعة فریضة تصدیق لما قلنا فی امر القرآن و ان مبلغه ما فی ایدی الناس و من نهی
عن قراءة القران کله فی لیلة واحدة و انه لا یجوز ان یختم القران فی اقل من ثلثة ایام تصدیق لما قلنا ایضا
یعنی وہ جو مروی ہی کہ ثواب تلاوت ہر سورۂ قرآنیہ کا اور ثواب اوس شخص کا جسنی ختم کیا تمام قرآنکو اور جواز قرات دو سورتونکا
ایک رکعت نفلی مین اور منع ملانی دو سورتونکا ایک رکعت فرضی مین سبب ہماری قول کی تصدیق ہی قرآنکی مقدار مین اور منع قرات
